پرچۂ امتحان سالانہ | تحریری
EXAM PAPER FINAL | WRITTEN

دینیات DEENIYAT

SECONDRY COURSE 9TH YEAR

ثانوی کورس سال نہم

| قرآن | | | حدیث | | | عقائد و مسائل | | | اسلامی تربیت | | | زبان | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| علم تجوید | 10 | | آداب | 30 | | عقائد | 40 | | سیرت | 50 | | عربی | 50 | |
| درس قرآن | 40 | | درس حدیث | 40 | | مسائل | 40 | | اخلاقی تعلیم | 50 | | اُردو | 20 | |

تعلیمی سال Academic Year ____________ تعلیم کا وقت Batch Time ____________

طالب علم / طالبہ کا نام Student's Name ____________

مکتب کا نام و پتہ Name & Address of Maktab ____________

معلّم / معلّمہ کا نام Teacher's Name ____________

## قرآن (علم تجوید)

سوال نمبر (۱) نیچے دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر (✓) کا نشان لگائیں۔ **4 Marks**

۱ حروف مد کے بعد سکون اصلی ہو تو کون سا مد ہوگا؟

مدلین عارض [ ] مد لازم [ ] مدلین لازم [ ] مد منفصل [ ]

۲ حروف لین کے بعد سکون اصلی ہو تو کون سا مد ہوگا؟

مد عارض وقفی [ ] مد منفصل [ ] مدلازم [ ] مدلین لازم [ ]

۳ حروف مدہ کتنے ہیں؟

۵ [ ] ۷ [ ] ۳ [ ] ۲ [ ]

۴ حرف مد اور ہمزہ دونوں ایک ہی کلمے میں ہوں، تو کون سا مد ہوگا؟

مد منفصل [ ] مد متصل [ ] مد عارض وقفی [ ] مدلازم [ ]

سوال نمبر (۲) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ **6 Marks**

۱ مد لین کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کون سی؟

..............................................................................................................

۲ مد منفصل کسے کہتے ہیں؟ اس کی مقدار کتنی ہے؟

..............................................................................................................

۳ حروف لین کتنے ہیں اور کون کون سے ہیں؟

..............................................................................................................

## قرآن (درس قرآن)

سوال نمبر (۱) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 12 Marks

۱ کس چیز نے انسان کو غفلت کی نیند سلا رکھا ہے؟

..................................................

۲ سورۂ تکاثر کی فضیلت بتایئے۔

..................................................

۳ سورۂ عصر میں ایمان والوں کی کن صفات کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

..................................................

۴ جنتی کو دوزخ کیوں دکھائی جائے گی؟

..................................................

سوال نمبر (۲) صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔ 8 Marks

۱ مال کی ایسی محبت کہ ہر وقت انسان اس کی گنتی میں لگا رہے، یہ محبت اسے گناہ میں مبتلا کر دیتی ہے۔ [ ]

۲ خود نیک بن جانا نجات کے لیے کافی ہے، دوسروں کو حق بات اور صبر کی تلقین کرنا ضروری نہیں۔ [ ]

۳ جائز طریقے سے مال حاصل کرنا گناہ ہے۔ [ ]

۴ قیامت کے دن اعمال نہیں تولے جائیں گے۔ [ ]

سوال نمبر (۳) نیچے دی گئی آیات کا محاوری ترجمہ کریں۔ 20 Marks

۱ اَلْقَارِعَةُ، مَا الْقَارِعَةُ، وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ.

..................................................

۲ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ، حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ.

..................................................

۳ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِۨ.

..................................................

۴ الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ.

..................................................

۵ وَالْعَصْرِ، اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِىْ خُسْرٍ.

..................................................

## حدیث (آداب)

سوال نمبر (۱) صدقے کے پانچ آداب لکھیں۔ 20 Marks

۱ ..........

۲ ..........

۳ ..........

۴ ..........

۵ ..........

سوال نمبر (۲) جمعہ کے دن کی سنتوں پر (✓) کا نشان لگائیں۔ 10 Marks

۱ عمدہ لباس پہننا۔ [ ]

۲ سواری پر دایاں پاؤں پہلے رکھنا۔ [ ]

۳ سورۂ کہف پڑھنا۔ [ ]

۴ پہلے خود سلام کرنا۔ [ ]

۵ کثرت سے درود شریف پڑھنا۔ [ ]

## حدیث (درسِ حدیث)

سوال نمبر (۱) نیچے دی گئی احادیث کا ترجمہ کیجیے۔ 16 Marks

۱ اَلْحَلِفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْبَرَكَةِ.

..........

۲ مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالَا يَعْنِيْهِ.

..........

۳ ذَاقَ طُعْمَ الْإِيْمَانِ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا.

..........

۴ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هَوَاهُ تَبْعًا لِمَا جِئْتُ بِهٖ.

..........

سوال نمبر (۲) صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔ 12 Marks

۱ قسمیں کھا کھا کر سامان بیچنے سے مال و سامان میں برکت ختم نہیں ہوتی ہے۔ [ ]

۲ اسلام کو اپنا دین ماننے اور اسی دین پر چلنے میں دنیا و آخرت کی کامیابی ہے۔ [ ]

۳ انسان کا سب سے بڑا دشمن جنات ہے، جو اسے خواہشات کی پیروی پر ابھارتا ہے۔ [ ]

۴ جب انسان اپنی مرضی سے جیتا ہے، تو اس میں صحیح غلط کی تمیز باقی رہتی ہے۔ [ ]

۵ قسمیں کھا کھا کر سامان بیچنے سے نفع ہوتا ہے۔ [ ]

۶ روزہ رکھنے سے تقویٰ کی صفت پیدا ہوتی ہے۔ [ ]

---

سوال نمبر (۳) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **12 Marks**

۱ رسول اللہ ﷺ نے تاجروں کو کس چیز سے منع فرمایا ہے؟

..............................................................................................................................................

۲ اللہ کو اپنا رب مان کر راضی ہونے کا کیا مطلب ہے؟

..............................................................................................................................................

۳ نماز چھوڑنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

..............................................................................................................................................

۴ کس شخص کو نیک اعمال کی توفیق نہیں ملتی؟

..............................................................................................................................................

---

## عقائدومسائل (عقائد)

---

سوال نمبر (۱) صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ **10 Marks**

۱ میدان محشر میں کس کے شفاعت فرمانے کے بعد حساب و کتاب شروع ہوگا؟

حضرت ابراہیم علیہ السلام [ ] حضرت محمد ﷺ [ ] حضرت موسیٰ علیہ السلام [ ] حضرت عیسیٰ علیہ السلام [ ]

۲ قیامت کا ایک دن کتنے سال کا ہوگا؟

ایک ہزار سال کا [ ] سو دن کا [ ] پچاس ہزار سال کا [ ] تین سال کا [ ]

۳ قبر سے اٹھائے جانے کے بعد سب سے پہلے کس کو لباس پہنایا جائے گا؟

حضرت عیسیٰ علیہ السلام [ ] حضرت محمد ﷺ [ ] حضرت ابراہیم علیہ السلام [ ] حضرت موسیٰ علیہ السلام [ ]

۴ شعائر کے معنی کیا ہیں؟

اعراف [ ] پُل صراط [ ] جنّت [ ] علامت اور نشانی [ ]

۵ قبر میں اللہ تعالیٰ کے انعام اور عذاب کا تعلق میت کی روح سے ہے یا جسم سے ہے؟

جسم و روح دونوں سے [ ] روح سے [ ] جسم سے [ ] پُل صراط سے [ ]

---

سوال نمبر (۲) صحیح جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔ **10 Marks**

۱ نیک اعمال اور قرآن سفارش کریں گے۔ [ ]

۲ تمام مسلمان شعائر اسلام کو حقیر سمجھتے ہیں؟ [ ]

---

۳ حساب لینے میں ہر ایک پر ظلم ہو گا۔ [ ]

۴ شفاعت کے معنی سفارش کرنا۔ [ ]

۵ بُرے لوگ نامۂ اعمال کا انکار کریں گے، تو اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھوں اور پیروں وغیرہ کو گویائی (بولنے کی طاقت) دیں گے۔ [ ]

---

سوال نمبر (۳) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **20** Marks

۱ شعائر اسلام کسے کہتے ہیں؟

..........................................................................................................................

۲ میزان قائم کرنے کا مقصد کیا ہے؟

..........................................................................................................................

۳ میدان حشر میں کتنی باتوں کے بارے میں سوال ہو گا؟

..........................................................................................................................

۴ شفاعت کے معنی بتائیے۔

..........................................................................................................................

۵ میدان حشر میں کافر کس طرح پہنچیں گے؟

..........................................................................................................................

---

## عقائدومسائل (مسائل)

---

سوال نمبر (۱) نیچے دیے ہوئے صحیح مسئلے پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔ **16** Marks

۱ صرف سونے چاندی پر زکاۃ فرض ہے۔ [ ]

۲ زکاۃ ادا کرتے وقت یا زکاۃ کا مال الگ کرتے وقت زکاۃ کی نیت ضروری ہے، ورنہ زکاۃ ادا نہیں ہو گی۔ [ ]

۳ زکاۃ کی ادائیگی کے لئے رمضان کا انتظار کرنا ضروری ہے۔ [ ]

۴ بیوی اپنے شوہر کو زکاۃ دے سکتی ہے۔ [ ]

۵ کالی مہندی کے نام سے جو خضاب لوگوں میں مشہور ہے، جس سے بال بالکل کالے ہو جاتے ہیں، اس کا لگانا جائز ہے۔ [ ]

۶ مال دار عورت پر صرف اپنی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرنا واجب ہے۔ [ ]

۷ بغیر نیت کے زکاۃ ادا ہو جائے گی۔ [ ]

۸ پیتل، لوہے اور تانبے وغیرہ کی انگوٹھی مردوں کے لیے پہننا جائز ہے۔ [ ]

---

سوال نمبر (۲) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **24** Marks

۱ انگوٹھی کا حکم بتائیے۔

..........................................................................................................................

---

۲ سر اور داڑھی میں مہندی کا خضاب لگانے کا کیا حکم ہے؟

..........................................................................................................................................................................

۳ اسلام نے زیب و زینت کے معاملے میں کیا تعلیم دی ہے؟

..........................................................................................................................................................................

۴ قرض دیے ہوئے پیسوں کی زکوۃ کا حکم بتائیے۔

..........................................................................................................................................................................

۵ صدقۂ فطر کس پر واجب ہے؟

..........................................................................................................................................................................

٦ زکوۃ کی مقدار کیا ہے؟

..........................................................................................................................................................................

## اسلامی تربیت (سیرت)

سوال نمبر (ا) صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔ **12 Marks**

ا حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ رمضان میں کتنے قرآن ختم کرتے تھے؟

رات دن میں ۵ [ ]   رات دن میں ۲ [ ]   رات دن میں ا [ ]   رات دن میں ۳ [ ]

۲ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حبشہ میں کس نے پڑھایا؟

ابو سفیان [ ]   نجاشی [ ]   حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ [ ]   حضرت سعد رضی اللہ عنہ [ ]

۳ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

۵ سنہ ھ میں [ ]   ۴ سنہ ھ میں [ ]   ۴۵ سنہ ھ میں [ ]   ۳۵ سنہ ھ میں [ ]

۴ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے [ ]   حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے [ ]   حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے [ ]   حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے [ ]

۵ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تیسرے صاحب زادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی والدہ کون تھیں؟

حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا [ ]   حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا [ ]   حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا [ ]   حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا [ ]

٦ سب سے پہلی وحی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کہاں نازل ہوئی؟

غار ثور میں [ ]   غار حرا میں [ ]   مدینہ میں [ ]   مسجد نبوی میں [ ]

سوال نمبر (۲) نیچے دیے ہوئے صحیح جملے پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔ **14 Marks**

۱ فقہ حنبلی امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب نہیں ہے۔ [ ]

۲ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش ۱۵۰ھ میں ہوئی۔ [ ]

۳ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ حضرت ابوہریرہ نے پڑھائی۔ [ ]

۴ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا لقب ام المساکین تھا۔ [ ]

۵ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے تجارت میں برکت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امانت داری اور بلند اخلاق سے متاثر ہو کر خود نکاح کا پیغام بھیجا۔ [ ]

۶ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تمام بیویوں کو مخاطب کر کے فرمایا تھا کہ میرے بعد گھر میں بیٹھنا، اس حکم پر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے شدت سے عمل کیا پھر کبھی حج کے لیے نہ نکلیں۔ [ ]

۷ حضرت عائشہ کا نکاح ۶ / برس کی عمر میں ہوا۔ [ ]

---

سوال نمبر (۳) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **24 Marks**

۱ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کیا کہا؟

............................................................

۲ سب سے پہلی وحی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کہاں نازل ہوئی؟

............................................................

۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے بیٹے اور بیٹیاں تھیں؟

............................................................

۴ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کتنے سال میں ہوا اور رخصتی کب ہوئی؟

............................................................

۵ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا میں کیا صفات تھی؟

............................................................

۶ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کس کی بیٹی تھی؟

............................................................

---

## اسلامی تربیت (اخلاقی تعلیم)

سوال نمبر (۱) نیچے دیے گئے جملوں کا تعلق جس مضمون سے ہو، اس کا صحیح نمبر قوسین میں لکھیں۔ **14 Marks**

(۱) فضول خرچی نہ کرنا۔ (۲) نماز باجماعت ادا کرنا۔ (۳) قرآن سیکھنا سکھانا۔ (۴) پڑوسیوں کو نہ ستانا (۵) غریبوں کو کھانا کھلانا۔ (۶) گانے بجانے سے بچنا (۷) بڑوں کی عزت کرنا۔

۱ اپنے سے بڑوں کا ادب کرو۔ [ ]

۲ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص خرچ کرنے میں اعتدال اور میانہ روی پر قائم رہتا ہے، وہ کبھی فقیر و محتاج نہیں ہوتا۔ [ ]

۳ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوکوں کو کھانا کھلاؤ۔ [ ]

---

۴ گانا بجانا انتہائی سخت گناہ ہے۔ [ ]

۵ حضور ﷺ کے وصال کے وقت جب آپ کی طبیعت بہت زیادہ خراب تھی، ایسی حالت میں بھی آپ ﷺ صحابۂ کرام کے سہارے مسجد میں تشریف لائے اور نماز ادا فرمائی۔ [ ]

۶ ایک شخص نے حضور ﷺ سے دریافت کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے پڑوسی کا مجھ پر کیا حق ہے۔ [ ]

۷ ہم لوگوں کو بھی قرآن کریم اچھی طرح تجوید کے ساتھ پڑھنا سیکھنا چاہیے۔ [ ]

---

سوال نمبر (۲) خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ **12 Marks**

۱ ہم کو ______________ پر شکر ادا کرنا چاہئے۔ [مال/جان/نعمتوں/عزت]

۲ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے کسی بھائی کی ______________ پر خوشی کا اظہار مت کرو (ہوسکتا ہے کہ) اللہ تعالیٰ اس کو اس مصیبت سے نجات دے دے اور تم کو مبتلا کر دے۔ [بد اخلاقی/مصیبت/مال و دولت/عزت]

۳ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں یہ پسند نہیں کرتا ہوں کہ میری زندگی میں کوئی دن ایسا آئے، جس میں میں دیکھ کر ______________ نہ پڑھوں۔ [لوگوں کے خطوط/فقہ کی کتاب/قرآن/تاریخ کی کتاب]

۴ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مؤمن پر ______________ لگائے تو اللہ تعالیٰ اس کو جہنم کے پل پر روکے رکھیں گے۔
[غیبت/تہمت/ہدیہ/فدیہ]

۵ جو مسلمان کسی مسلمان کو بھوک کی حالت میں کھلائے گا، تو اللہ تعالیٰ اس کو ______________ کے پھل کھلائے گا۔
[جنّت/اپنی بستی/اپنے گاؤں/اپنے ملک]

۶ جماعت کی نماز اپنے گھر اور بازار میں اکیلے کی نماز سے ______________ گنا زیادہ ثواب رکھتی ہے۔
[۳۵/۳۰/۲۵/۲۴]

---

سوال نمبر (۳) نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ **24 Marks**

۱ حیا کے طریقے بتائیے۔

....................................................................................................

۲ گانے بجانے کے چند نقصانات لکھیں۔

....................................................................................................

۳ رات کا اکثر وقت کتابوں کے مطالعے میں گزارنے کے بارے میں لوگوں کے پوچھنے پر امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے کیا جواب دیا؟

....................................................................................................

۴ اچھے اخلاق پر ایک حدیث لکھیں۔

....................................................................................................

۵ مومنوں میں سب سے زیادہ کامل ایمان والے کون لوگ ہیں؟

....................................................................................................

---

٦ حدیث میں سب سے بہتر شخص کسے کہا گیا ہے؟

..............................................................................................................................................

## زبان (عربی)

سوال نمبر (۱) عربی زبان میں ترجمہ کریں۔ 18 Marks

۱ یہ دو گائے۔ ..............................................................................................................

۲ حامد کی دو کتابیں۔ ..............................................................................................................

۳ وہ دو میڈیکل۔ ..............................................................................................................

۴ دو لڑکے سچے ہیں۔ ..............................................................................................................

۵ تم دونوں بیمار ہو۔ ..............................................................................................................

٦ وہ دونوں نرس ہیں۔ ..............................................................................................................

سوال نمبر (۲) اردو زبان میں ترجمہ کریں۔ 12 Marks

۱ هٰذَانِ كِتَابَانِ. ..............................................................................................................

۲ هُمَا هَزِيْلَتَانِ. ..............................................................................................................

۳ اَلسَّيَّارَتَانِ سَرِيْعَتَانِ. ..............................................................................................................

۴ اَلْفَصْلَانِ كَبِيْرَانِ. ..............................................................................................................

۵ شَارِعَا الْقَرْيَةِ وَاسِعَانِ. ..............................................................................................................

٦ خَرِيْطَةُ الْهِنْدِ عَلَى الْجِدَارِ. ..............................................................................................................

سوال نمبر (۳) درج ذیل سوالات کے جوابات عربی میں دیں۔ 20 Marks

۱ مَنِ الرَّازِقُ؟ ..............................................................................................................

۲ هَلْ شُكْرُ اللهِ وَاجِبٌ عَلَى الْإِنْسَانِ؟ ..............................................................................................................

۳ مَنْ خَالِقُكَ وَخَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ؟ ..............................................................................................................

۴ مَنِ الْخَالِقُ؟ ..............................................................................................................

۵ أَيُّ لِسَانٍ ضَرُوْرِيٌّ لِلْمُسْلِمِ؟ ..............................................................................................................

## زبان (اُردو)

سوال نمبر (۱) خط کشیدہ الفاظ کے معنیٰ لکھیں۔ **14 Marks**

۱ جب اہلِ مدین کی سرکشی کا پیمانہ لبریز ہوگیا۔ ..........

۲ قوم کی اس احمقانہ گفتگو پر نہ تو مشتعل ہوئے اور نہ انھیں ڈانٹا۔ ..........

۳ حضرت شعیب علیہ السلام کے خلاف ورغلانا شروع کر دیا۔ ..........

۴ ایسا لگتا تھا کہ جیسے انھوں نے کسی بڑے پیچیدہ مسئلے کو حل کر لیا ہے۔ ..........

۵ اگر تم شعیب کی اتباع کرو گے تو یقیناً بڑے خسارے سے دو چار ہو گے۔ ..........

۶ ایک مشفق باپ اپنے بچوں کو گوناگوں طریقوں سے سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔ ..........

۷ آب و ہوا کی لطافت، نہروں اور آبشاروں کی کثرت نے اس مقام کو بہت ہی دل کش اور پاکیزہ بنا دیا تھا۔ ..........

---

سوال نمبر (۲) نیچے دی گئی عبارت کو خوش خط لکھیں۔ **6 Marks**

۱ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو حق کی ممانعت کرنے سے محفوظ رکھے۔ (آمین)

..........

۲ اللہ کے راستے سے روکنا اور اس میں کجی تلاش کرنا؛ بڑی نازیبا حرکت ہے۔

..........

۳ اللہ تعالیٰ کا یہ حتمی فیصلہ ہے کہ اس کے رسول حق بات کو پوری طرح پہنچا دیتے ہیں۔

..........